www.mashriqakhbar.com.pk Member APNS mashriqnews3@gmail.com

سچ اور سچ کے سوا کچھ نہیں ! ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

وہی ہے مشرق و مغرب کا مالک (القرآن)

روزنامہ مشرق لاہور

چیف ایگزیکٹو حاجی شوکت علی کاکڑ

چیف ایڈیٹر عبدالباقی کاکڑ

جلد: 14 جمعرات 6 ربیع الثانی 1446ھ، 10 اکتوبر 2024ء، 26 اسوج 2081ب صفحات: 10 قیمت 30 روپے شمارہ: 205

وفاقی محتسب کی ہدایت پر آن لائن پروٹیکٹر سٹیمپ کا آغاز

بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ سہولت ائیر پورٹس پر بھی فراہم کر دی

رواں سال 14,339 بیرون ملک سفر کرنے والے پاکستانی استفادہ کر چکے ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی مداخلت سے بیرون ملک ملازمت یا تعلیم کیلئے سفر کرنے والے پاکستانیوں کے پاسپورٹ پر پروٹیکٹر سٹیمپ لگانے کا ایک دیرینہ مسئلہ حل ہو گیا ہے اور بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ نے آن لائن بھی پروٹیکٹر سٹیمپ لگانے کی سہولت فراہم کر دی ہے۔ رواں سال کے دوران اب تک 14,339 بیرون ملک سفر کرنے والے پاکستانی اس سہولت سے استفادہ کر چکے ہیں۔ واضح رہے کہ مڈل ایسٹ اور دیگر ممالک میں روزگار کے لئے جانے والوں کیلئے ضروری ہے کہ وہ اپنے پاسپورٹ پر پروٹیکٹر سٹیمپ لگوائیں بصورت دیگر انہیں بیرون ملک سفر کی اجازت نہیں دی جاتی اور انہیں ائیر پورٹ سے واپس بھیج دیا جاتا تھا جس سے ان کی بیرون ملک ملازمت کے ساتھ ساتھ ٹکٹ کی رقم بھی ضائع ہو جاتی تھی۔ اب وفاقی محتسب کی مداخلت اور وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیموں کے دوروں کے سبب بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ نے آن لائن بھی پروٹیکٹر سٹیمپ لگانے کی سہولت فراہم کر دی ہے۔ علاوہ ازیں وفاقی محتسب کی ہدایت پر پاکستان میں تمام بین الاقوامی ہوائی اڈوں پر بھی چوبیس گھنٹے یہ سہولت میسر ہے تاکہ اگر کوئی شہری لاعلمی کی بنیاد پر پروٹیکٹر سٹیمپ نہ لگوا پائے تو ائیر پورٹ پر ہی اس کی یہ مشکل حل کر دی جائے۔